45x3

نیشنل ریفائنری لمیٹڈ

National Refinery Limited

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کا چھپّن واں(56) سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات، 26 ستمبر، 2019 کو سہ پہر 15:00 بجے بمقام میریٹ ہوٹل، کراچی میں درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

عمومی اُمورِ کار:

1۔ مورخہ 30 جون، 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول ان پر بورڈ اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غوروخوض اوران کی منظوری دینا۔

2۔ 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اوران کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

3۔ اس طرح کے دیگر اُمور جنہیں چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیا گیا ہو، انہیں انجام دینا۔

بحکم بورڈ

نعمان احمد عثمانی

کمپنی سیکریٹری

کراچی: مورخہ 3 ستمبر، 2019

نوٹ:

1۔ منتقلیٔ حصص کی کُتب کی بندش:

19 تا 26 ستمبر، 2019 (بشمول دونوں ایام) کمپنی کے ممبران کا رجسٹر بند رہے گا اور شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

جو منتقلیاں شیئر رجسٹرار:

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ،
سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی - 74400
ٹیلیفون: (ٹول فری) 0800-23275 / فیکس: 34326053 (92-21)
ای میل: info@cdcsrsl.com / ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

کے دفتر میں 18 ستمبر، 2019 کو کاروبار بند ہونے تک موصول ہوں گی وہ ٹرانسفریز کی اہلیت کے تعین کے مقصد کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2۔ پراکسیز کی تقرری:

سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک ممبر اپنے بجائے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ ایک پراکسی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے اس کا باضابطہ طور پر دستخط شدہ ہونا، گواہوں سے تصدیق شدہ ہونا اور شیئر رجسٹرار کے دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا لازمی ہے۔ شیئر ہولڈر / پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ تفصیلات، شناخت نمبر اور کاؤنٹ نمبر سی ڈی ایس میں اپنے ہمراہ لائیں۔

مزید برآں، سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکولر 1 مورخہ 26 جنوری، 2000 کے تحت مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

(الف) اجلاس میں شرکت کے لئے:

- افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی تصدیق اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اپنا اصل پاسپورٹ دکھا کر کرائے گا۔
- کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(ب) پراکسیز کے تقرر کے لئے:

- افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم داخل کرے گا۔
- پراکسی فارم کی تصدیق ان دو افراد سے کرائی جائے گی جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم پر درج کرنا ہوں گے۔
- پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیوں کی فراہمی لازمی ہوگی۔
- پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کے ساتھ بمعہ پراکسی فارم کمپنی میں جمع کرانا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

3۔ ویڈیو لنک کی سہولت:

اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل ایک ہی شہر میں رہنے والے ممبران کی درخواست پر جو کمپنی کے اداشدہ کیپیٹل میں سے دس فیصد رکھتے ہوں، اس شہر میں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی، تاکہ ایسے ممبران ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرسکیں۔

4۔ پراکسی فارم:

پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے اختتام پر منسلک ہے، اس کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے۔

5۔ ایڈریس کی تبدیلی:

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی بابت کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

6۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) / نیشنل ٹیکس نمبر (NTN):

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کے مطابق ایسے ممبران جنہوں نے تاحال اپنے قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور / یا نیشنل ٹیکس (NTN) نمبر (جیسی بھی صورت ہو) جمع نہیں کروائے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے درست قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور / یا (NTN) نیشنل ٹیکس نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقول جلد از جلد مندرجہ ذیل طور پر فراہم کردیں:

- ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس کمپنی کے شیئرز فزیکل فارم میں ہوں ان سے درخواست ہے کہ اوپر درج کردہ معلومات شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا پتے پر بھیج دیں۔
- ایسے شیئر ہولڈرز جو اپنی "Shareholding" کو سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت maintain کر رہے ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا معلومات متعلقہ شریک (Participant)/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو براہِ راست جمع کروادیں۔

7۔ برقی طریقۂ کار کے مطابق منافع منقسمہ کی نقد ادائیگی (لازمی):

کمپنی کے اراکین سے درخواست ہے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے مطابق عمل کرتے ہوئے اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات بذریعہ ای ڈیویڈنڈ فارم (جو کہ سالانہ رپورٹ کے آخر کے صفحات میں منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے) فراہم کریں۔ چونکہ 6 نومبر، 2017 سے منافع منقسمہ کی نقد ادائیگیاں ڈیویڈنڈ وارنٹس جاری کرنے کے بجائے صرف برقی طریقۂ کار کے مطابق براہِ راست اہلیت کے حامل حصص یافتگان کے نامزد کردہ متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں کی جائیں گی۔ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم موجودگی یا نامکمل تفصیلات کی صورت میں کمپنی ان حصص یافتگان کے نقد منافع منقسمہ، اگر کوئی ہے تو، کی ادائیگیاں روکنے پر مجبور ہوگی جنہوں نے یہ معلومات فراہم نہ کی ہوں۔

8۔ ٹیکس کٹوتی کی ترمیم شدہ شرح:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے مطابق منافع منقسمہ، اگر کوئی ہے تو، پر ٹیکس کی کٹوتی کی شرح یکم جولائی 2019 سے درجِ ذیل ہیں۔

1۔ ATL میں ظاہر شدہ افراد کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح	15%
2۔ ATL میں غیر ظاہر شدہ افراد کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح	30%

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر ہولڈر آیا وہ ATL میں ظاہر ہو یا ATL میں ظاہر نہ ہو انفرادی طور پر برتا جائے گا اور ہر جوائنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس منہا کیا جائے گا جو شیئر ہولڈرز کی جانب سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حسبِ ذیل مطلع کی گئی ہوں گی، بصورتِ دیگر ہر حصص یافتہ کا شیئرز میں تناسب مساوی سمجھا جائے گا۔

کمپنی کا نام	فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر	کُل حصص	پرنسپل شیئر ہولڈر		مشترکہ شیئر ہولڈر	
			نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)	نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)

قومی شناختی کارڈ نمبر / نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تفصیلات اب لازمی ہیں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے بروقت طور پر اَپ ڈیٹ اور جاری کردہ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق ٹیکس کی حیثیت کی جانچ پڑتال کے لئے ضروری ہیں۔

9۔ انکم ٹیکس / زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنٰی:

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنٰی یا کم شرح پر کٹوتی کے لئے اہل ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ٹیکس معافی سرٹیفکیٹ یا لازمی دستاویزی ثبوت جو بھی ممکن ہوں جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے والے ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ سے مستثنٰی ہونے کے لئے کارآمد اقرارنامہ (ڈکلیریشن) جمع کروائیں۔

10۔ غیر دعویٰ شدہ حصص / منافع منقسمہ کی وفاقی حکومت کو منتقلی:

کمپنی کے اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے مطابق حصص / منافع منقسمہ جو کہ واجب الادا مقررہ تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ ہیں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے مقررہ مدت کے اختتام کے بعد، اگر متعلقہ ارکان کی جانب سے کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا تو، وفاقی حکومت کو منتقل کردیئے جائیں گے۔ چنانچہ، وہ تمام ممبران جن کے حصص / منافع منقسمہ مذکورہ مدت تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر دعویٰ دائر کرنے کی درخواست کی جاتی ہے، جیسا کہ کمپنی نے اس سلسلے میں ایسے تمام حصص یافتگان کو ان کے آخری معروف پتے پر جو کہ کمپنی کو دستیاب ہے، پہلے ہی نوٹسز ارسال کردیئے ہیں۔

11۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر متعلقہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

30 جون 2019 کو ختم ہونے والی مال سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر مہیا کئے جاچکے ہیں۔

12۔ سالانہ رپورٹ کی برقی طور پر ترسیل:

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 787(1)/ 2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے متن کے مطابق حصص یافتگان کو ایک اختیار فراہم کیا گیا ہے، کہ وہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ہمراہ برقی طور پر بذریعہ ای میل حاصل کرسکتے ہیں۔ چنانچہ، وہ ممبران جو مستقبل میں برقی طور پر سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے حصول میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر فراہم کئے گئے رضامندی فارم پر اپنے متعلقہ ای میل ایڈریس کو کمپنی شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ تاہم، کمپنی ایسے ممبران کو اضافی طور پر سالانہ رپورٹ کی نقول ان کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

13۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں طبعی حصص کی فراہمی:

طبعی حصص رکھنے والے حصص یافتگان اپنے طبعی حصص اسکرپ لیس حالت میں رکھنے کے لئے کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ہمراہ سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، اس سے انہیں کسی بھی وقت جب وہ چاہیں محفوظ تحویل اور حصص کی با آسانی فروخت سمیت کئی دیگر سہولیات میسر آسکیں گی، کیونکہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق طبعی حصص کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔ مزید برآں، اس ایکٹ کی دفعہ 72 میں بیان کیا گیا ہے کہ بذریعہ ایس ای سی پی مطلع کردہ تاریخ سے بعد از نفاذِ ایکٹ، ایک کمپنی جس کے پاس شیئر کیپیٹل ہوں گے، اس کے حصص صرف بک انٹری فارم میں ہوں گے۔ ہر موجودہ کمپنی کو اپنے طبعی حصص کو بک انٹری فارم کے ساتھ اس انداز میں تبدیل کرنے کی ضرورت درپیش ہوگی جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور ایس ای سی پی کی مطلع کردہ تاریخ سے، ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زیادہ کی مدت نہ ہو۔

14۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ساتھ رجسٹریشن:

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ملک کے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کی مہم کا آغاز کیا ہے۔ اس کوشش کی کامیابی کے لئے اشد ضروری ہے کہ بڑے ٹیکس دہندگان ایف بی آر کو اس ضمن میں سہولت فراہم کریں۔ لہٰذا، ایسے تمام حصص داران جو پہلے ہی ایف بی آر سے رجسٹرڈ نہیں ہیں، ان سے درخواست ہے کہ جہاں کہیں بھی ممکن اور قابلِ اطلاق ہو خود کو فوری طور پر رجسٹر کروائیں۔

15۔ مختلف فولیو کا ایک فولیو میں انضمام:

ریکارڈ کے مطابق، کچھ حصص داران ایک ہی تفصیلات کے تحت ایک سے زائد فولیو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دو مختلف فولیو رکھنے پر حصص داران کو منافع / بونس کی صورت میں مختلف فوائد کے حصول میں رضامندی کے لئے مشکلات درپیش ہوسکتی ہیں۔ بہتر خدمات وسہولیات کی فراہمی کے لئے، ایسے تمام حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے تمام فولیوز کو ایک ہی فولیو میں ضم کرنے کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو درخواست ارسال کریں۔

ORIENTmMcCANN